# میرج لائسنس

شادی کے لائسنسوں یا اپوائنٹمنٹ لینے کے لیے اب واک ان سروسز بھی دستیاب ہیں۔ سٹی ہال میں جانے یا اپوائنٹمنٹ لینے سے پہلے براہ کرم نیچے دی گئی تمام شرائط کو غور سے پڑھیں۔

سول میرج کی تقریبات صرف منگل سے جمعہ کے درمیان منعقد کی جا سکتی ہیں (قانونی تعطیلات کے علاوہ) صرف دفتری اوقات کار کے دوران۔ اپنی شادی کی تقریب یہاں بک کروائیں۔

اونٹاریو میں شادی کرنے سے پہلے، آپ کو شادی کا لائسنس حاصل کرنا ہوتا ہے۔ شادی کی تقریب منعقد ہو جانے کے بعد لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا۔ شادی کے لائسنس اونٹاریو میں موجود زیادہ تر میونسپلٹیوں سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور جاری ہونے کی تاریخ کے بعد تین ماہ تک اونٹاریو میں کہیں بھی منعقد ہونے والی شادی کی تقریبات کے لیے قابل قبول ہوتے ہیں۔

## شادی کا لائسنس حاصل کرنا

شادی کے لائسنس اپوائنٹمنٹ کے ذریعے یا واک اِن سروس (پہلے آئیے/پہلے پائیے کی بنیاد پر) کے ذریعے حاصل کیے جا سکتے ہیں ۔

1. **میرج لائسنس کی آن لائن درخواست** مکمل کریں - آپ کو ایک حوالہ نمبر فراہم کیا جائے گا، براہ کرم اس کو دھیان سے اپنے پاس نوٹ کر لیں، کیونکہ سٹی ہال میں آنے پر آپ کو اس کی ضرورت ہو گی۔

**یا**

2- **میرج لائسنس کی درخواست کو** پرنٹ کریں، مکمل کریں اور اس پر دستخط کریں اور سٹی ہال میں اپنے ساتھ لائیں۔ اپنے شادی کے لائسنس کے لیے اپوائنٹمنٹ کا وقت بُک کرائیں یا واک اِن کے طور پر سٹی ہال میں خود تشریف لے جائیں - وہاں پہنچنے پر کیوسک پر اپنی آمد کی اطلاع دیں:

- ایک یا دونوں درخواست دہندگان بھی آ سکتے ہیں اور
  - اگر درخواست آن لائن طور پر جمع کرائی گئی ہو، تو درخواست کو کاغذ پر پرنٹ کر کے اور دستخط کر کے ساتھ لائیں یا حوالہ نمبر لازمی لائیں۔
  - دونوں فریقوں کے لیے دو عدد شناختی دستاویزات لازمی ہیں - ذیل میں قابل قبول شناخت دستاویزات کی فہرست دیکھیں
  - طلاق کا اصل کینیڈین ثبوت، اگر قابل اطلاق ہو
  - اگر قابل اطلاق ہو، تو صوبہ اونٹاریو کی جانب سے غیر ملکی طلاق کا اجازت نامہ - نیچے مزید معلومات ملاحظہ کریں

توجہ فرمائیں: اگر کوئی شناختی دستاویز انگریزی میں نہیں ہے، تو اصل دستاویزات کے ساتھ ایک مصدقہ ترجمہ فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ تصدیق شدہ ترجمہ ایک کینیڈین مصدقہ مترجم کی طرف سے فراہم کیا جانا چاہیے، جو کینیڈا میں رجسٹرڈ ٹرانسلیشن ایسوسی ایشن کے ساتھ ملحق شدہ ہو۔ اونٹاریو

میں، [ایسوسی ایشن آف ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز آف اونٹاریو (ATIO)] رجسٹرڈ ٹرانسلیشن ایسوسی ایشن ہے-

## فیس

$165.00 (HST لاگو نہیں ہوتا) - ڈیبٹ، کریڈٹ کارڈ (ویزا، ماسٹر کارڈ اور امریکن ایکسپریس) کے ذریعے اور نقد فیس بھی قبول کی جاتی ہے- شادی کے لائسنس کی فیس ناقابل واپسی ہے-

## شناخت کی شرائط

- فی درخواست دہندہ، دو (2) عدد دستاویزات درکار ہیں
- دونوں شناختی دستاویزات لازمی طور پر اصلی ہونی چاہیں**(فوٹو کاپیاں اور/یا تصدیق شدہ نقول قابل قبول نہیں ہوں گی)**
- دونوں شناختی دستاویزات کی مدت معیاد ختم نہیں ہونی چاہیے
- ایک شناختی دستاویز پر لازمی طور پر تصویر ہونی چاہیے
- ایک شناختی دستاویز پر لازمی طور پر دستخط ہونا چاہیے
- دونوں شناختی دستاویزات پر قانونی نام اور تاریخ پیدائش لازمی درج ہونی چاہیے
- دونوں شناختی دستاویزات پر پہلا اور دوسرا نام ایک جیسے ہونے چاہیں (اور اگر درمیانی نام/حرف میرج لائسنس پر ظاہر ہوں، تو وہ بھی ایک جیسے ہونے چاہیں)
- اگر قابل اطلاق ہو، تو نام کی تبدیلی کا سرٹیفیکیٹ بھی لازمی طور پر فراہم کرنا ہو گا
- تمام شناختی دستاویزات لازمی طور پر انگریزی یا فرانسیسی زبان میں ہونی چاہیں، بصورت دیگر ان کا ترجمہ فراہم کریں، جو ایسوسی ایشن آف ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز آف اونٹیریو (ATIO) کی جانب سے تصدیق شدہ ہو

#### شناختی دستاویزات کی قابل قبول اقسام

- کینیڈا کا پاسپورٹ یا کینیڈا کی سفری دستاویزات
- کسی دوسرے ملک کا پاسپورٹ
- پیدائشی سرٹیفیکیٹ
- کینیڈا کا سٹیزن شِپ کارڈ یا سرٹیفیکیٹ
- ڈرائیورز لائسنس
- حکومت کی جانب سے جاری کردہ تصویر والا ID کارڈ
- مستقل رہائش کا کارڈ
- انڈین سٹیٹس کارڈ کا سرٹیفیکیٹ
- نیکسس کارڈ
- ملٹری کارڈ
- امیگرینٹ لینڈنگ کا ریکارڈ
- قابل قبول کینیڈین ریفیوجی پروٹیکشن کلیمنٹ ڈاکومنٹ

**شناختی دستاویزات کی ناقابل قبول اقسام**

- سوشل انشورنس کارڈ (SIN)
- ہیلتھ کارڈ
- سٹڈی پرمٹ، ورک پرمٹ یا ویزا
- پیدائش کا مذہب پر مبنی ریکارڈ
- انتخابی شناخت یا دستاویز
- ماہی گیری یا دیگر کھیلوں پر مبنی لائسنس
- کام کی جگہ کا ID بیج

## نابالغ افراد

16 سال سے کم عمر کے افراد شادی **نہیں** کر سکتے۔ ایسے درخواست دہندگان جن کی عمر 16 اور 17 سال ہو، ان کے لیے والدین یا سرپرست کی اجازت لازمی ہو گی۔ والدین/سرپرست، دونوں کو ایک رضامندی فارم لازمی طور پر مکمل کرنا ہو گا اور اس پر دستخط کرنا ہوں گے اور اس پر کمشنر آف اوتھ کی تصدیق بھی لازمی ہے۔ میرج فارم کے لیے والدین یا سرپرست کی رضامندی کا فارم ہمارے دفتر میں دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم اپنی اپوائنٹمنٹ سے پہلے سٹی کلرک کے دفتر سے رابطہ کریں۔

## ترجمان

لائسنس کے درخواست دہندہ (دہندگان) کے لیے لازمی ہے کہ وہ انگریزی زبان اچھی طرح بول اور پڑھ سکتے ہوں یا بصورت دیگر ان کے ساتھ ترجمان کا ہونا لازمی ہے۔ ترجمان فراہم کرنا درخواست دہندگان کی ذمہ داری ہے۔ ترجمانوں کو اپنی شناخت ثابت کرنا ہو گی اور انہیں ایک اقرار نامہ بھی مکمل کرنا ہو گا۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم اپنی اپوائنٹمنٹ سے پہلے سٹی کلرک کے دفتر سے رابطہ کریں۔

## طلاق

### کینیڈا میں ہونے والی طلاق

**طلاق کے سرٹیفیکیٹ** کی **اصلی دستاویز** یا **عدالت کی جاری کردہ مستند شدہ نقول** درکار ہوں گی۔ فوٹو کاپیاں قبول نہیں کی جائیں گی۔ اصل یا عدالت کی مصدقہ کاپیاں اس عدالت سے حاصل کی جا سکتی ہیں جس نے طلاق کی منظوری دی تھی اور وہ آپ کو واپس کر دی جائیں گی۔ عدالت کی طرف سے جاری کیا گیا فیصلہ یا عدالتی حکم (طلاق کا حکم) قبول نہیں کیا جائے گا – طلاق کا سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہے۔

### بیرون ملک ہونے والی طلاق

کینیڈا سے باہر حاصل کی جانے والی طلاق کے لیے صوبہ اونٹاریو کی جانب سے غیر ملکی طلاق کی اجازت (فارن ڈائیورس آتھورائزیشن) درکار ہے۔ اس عمل میں چار (4) ہفتے لگ سکتے ہیں۔

غیر ملکی طلاق کی اجازت حاصل کرنے کے لیے، درخواست دہندگان کو درج ذیل دستاویزات سروس اونٹاریو (ServiceOntario) کے پاس جمع کرانی ہوں گی:

- **شادی کے لائسنس کا درخواست فارم**: مکمل اور دستخط شدہ
- **واحد اور کُلی ذمہ داری کا بیان**: ہر طلاق کے لیے (دونوں افراد کے دستخطوں کے ساتھ جو شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ایک گواہ)
- **قانونی رائے کا خط**: اونٹاریو کے کسی وکیل کی جانب سے، شادی کرنے کا ارادہ رکھنے والے دونوں افراد کو مخاطب کرتے ہوئے اور وجوہات بتاتے ہوئے کہ اونٹاریو میں ان کی طلاق یا شادی کی منسوخی کو تسلیم کیا جانا چاہیے۔
- **طلاق یا منسوخی کا حکم نامہ**: انگریزی یا فرانسیسی زبان میں اصل یا عدالت سے مصدقہ نقل۔ اگر فیصلہ کسی دوسری زبان میں ہو، تو اس کی ایک عدد ترجمہ شدہ نقل اور ایک مصدقہ مترجم کی طرف سے حلف نامہ شامل کرنا بھی ضروری ہے

یہ دستاویزات براہ راست اس پتہ پر بھیجی جائیں:

ServiceOntario
Marriage Office
PO Box 4600
Red River Road 189
Thunder Bay ON P7B 6L8

درخواست دہندگان کو سروس اونٹاریو کی جانب سے *شادی کی اجازت* مل جانے کے بعد، وہ شادی کے لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات ہمارے دفتر اور سروس اونٹاریو سے یہاں پر دستیاب ہیں: ServiceOntario

## مزید معلومات

اونٹاریو میں شادی کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی ServiceOntario ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم سٹی کلرک کے دفتر سے 905.874.2100 پر رابطہ کریں یا اس پتہ پر ایک ای میل بھیجیں: marriage.licence@brampton.ca